حکیم محمد عمران مغل بی اے*

# ایک نسخہ، باد کے چوراسی امراض کے لیے

حضرت کاش البرنی شہید علم رحمۃ اللہ علیہ نے پیر الٰہی بخش کالونی کراچی میں ماہنامہ ''روحانی دنیا'' کا پودا لگایا تھا جو آج تناور درخت کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ اس درخت کے پھل پھول سے مسلم وغیر مسلم، ہر طبیعت کے خواتین وحضرات اپنے اپنے مزاج کے مطابق لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ کہنے کو تو روحانی دنیا ہے، مگر روحانیت کے ساتھ کبھی طبی علاج پر بھی قیمتی مواد بہم پہنچاتے تھے۔ پھر امام بونی رحمۃ اللہ علیہ اور امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے مجرب عملیات وتعویذات کا ایک نایاب ذخیرہ اس میں ہوتا ہے۔ امام غزالیؒ کے علم الحروف کے ایسے ایسے عملیات پیش کیے کہ لندن میں بیٹھے پی ایچ ڈی حضرات بھی بڑے شوق سے یہ عملیات کرتے تھے۔ فرماتے تھے کہ امام غزالیؒ کا یہ علم کرامات سے تعلق رکھتا ہے اور چوبیس گھنٹوں میں لازماً نتیجہ خیز ہوتا ہے۔ الحمد للہ جب پرچہ کی قیمت آٹھ آنے ہوا کرتی تھی، تب سے اب تک میں اس کا قاری ہوں۔ علم الحروف کے وہ اعمال جن کا تعلق شفائے امراض سے ہے، وہ حکما و معالجین کرام کے لیے در بے بہا ہیں۔ الغرض علم الحروف ایک مکمل سائنس ہے۔ ادویہ اس کے سامنے ہیچ ہیں۔

کاش البرنی کا خاندان روحانیت کے سمندر میں کافی گہرائی تک غوطہ زن دکھائی دیتا ہے۔ آج کی نشست میں ان کا علم طب پر ایک نایاب عمل پیش کرتا ہوں۔ اس علم کے بارے میں اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ میری معلومات میں نہ آتا تو ساری زندگی ٹھوکریں ہی کھاتا رہتا۔ یہ وہ نسخہ ہے کہ عام لوگوں کو اس کا علم نہ ہونے کی وجہ سے ہزاروں عامل کامل اور معالج سادہ لوح لوگوں سے لاکھوں روپے بٹور رہے ہیں۔ جو بھی آیا، اسے کہہ دیا کہ آپ پر جادو کیا گیا ہے اور بیمار بے چارہ گھر کی ساری جمع پونجی ان کے قدموں میں نچھاور کر دیتا ہے، مگر اس کے جادو کا علاج کبھی مکمل نہیں ہوتا۔ دراصل ریح والی بادی کا مکمل علاج نہ ہونے سے مریض یہ سمجھ لیتا ہے کہ مجھ پر کسی نے جادو کر دیا ہے، مگر آپ ایک ہفتہ یہ نسخہ ایسے سحر زدہ مریض پر استعمال کریں تو وہ اقرار کرے گا کہ میرا جادو ختم ہو گیا ہے۔ باد سے ایسے ایسے امراض پیدا ہو رہے ہیں کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ فالج بھی باد سے ہی پیدا ہوتا ہے۔ یہ نسخہ غیر مذہب کے کسی معالج کی پرانی کتاب سے ترجمہ کر کے پیش کیا گیا ہے جو کئی سو سال پرانا ہے۔ میں نے ایک ہفتہ استعمال کیا تو اپنے آپ کو یوں ہلکا پھلکا محسوس کیا جیسے میں جسم کے بغیر چل پھر رہا ہوں۔ الغرض اس کے استعمال سے جسم کے چوراسی امراض اور دردیں ٹھیک ہو جاتی ہیں۔

---

*فاضل عربی، لاہور بورڈ۔ مستند درجہ اول، طبیہ کالج لاہور۔ 0333-4058503

**ہوالشافی:** سونٹھ، سہاگہ، کالانمک، ہینگ، یہ سب اجزا ہم وزن لے کر کوٹ لیں۔ سہانجنہ کے پانی سے سیاہ مرچ کے برابر گولی تیار کر کے کھانے کے بعد سادہ پانی سے کھالیں۔ دیکھیں جادو کیسے ختم ہوتا ہے۔ اصل نسخہ کی عبارت یوں ہے:

سونٹھ سہاگہ سونچل گاندھی        وچ سہانجنہ گولی باندھی

سونچل، کالے نمک کو اور گاندھی، ہینگ کو کہتے ہیں۔ کاش البرنی رحمۃ اللہ علیہ کی اس محنت پر بہت کچھ لکھنا باقی ہے۔ یار زندہ صحبت باقی، ان شاء اللہ۔


## سندھ نیشنل ٹرسٹ (حیدر آباد) کی فکر انگیز مطبوعات

- **قرآن اور علم جدید** از: ڈاکٹر محمد رفیع الدین/ تلخیص: محمد موسیٰ بھٹو [صفحات: ۲۷۲۔ قیمت: ۱۰۰]
  نامور مسلم مفکر کے قلم سے جدید مغربی فکر وفلسفہ کے بنیادی تصورات کا تعارف وتجزیہ
- **تصوف اور اہل تصوف سلف وخلف کی نظر میں** مرتب: محمد موسیٰ بھٹو [صفحات: ۴۱۲۔ قیمت: ۱۲۵]
  اکابر علماء تصوف اور ممتاز اہل دانش کی علمی نگارشات کا ایک قیمتی انتخاب
- **بیسویں صدی کے اسلامیت کے ممتاز شارح** از: مولانا عبدالماجد دریابادی/ مرتب: محمد موسیٰ بھٹو
  علامہ اقبال، مولانا آزاد، مولانا فراہی، مولانا مناظر احسن گیلانی، مولانا سندھی، علامہ مشرقی، مولانا مودودی اور غلام احمد پرویز کے فکر کا تجزیاتی مطالعہ [صفحات: ۴۰۸۔ قیمت: ۱۳۰]
- **برصغیر ہند کی بعض ممتاز علمی شخصیتیں** از: مولانا عبدالماجد دریابادی/ مرتب: محمد موسیٰ بھٹو
  مولانا شبلی نعمانی، محمد علی جوہر، مولانا شوکت علی، مولوی عبدالحق، سید سلیمان ندوی، مولانا آزاد، مولانا مودودی، ڈاکٹر ذاکر حسین فکر اور کردار کے آئینے میں [صفحات: ۹۶۔ قیمت: ۲۵]
- **عصر حاضر کی شخصیات میری نظر میں** (خطوط اور خاکے) از: مولانا محمد موسیٰ بھٹو [صفحات: ۵۱۲۔ قیمت: ۱۴۰]
  ساٹھ سے زائد مصلحین وارباب دعوت، محققین، اصحاب دانش اور ارباب تحریک کا تذکرہ/ منتخب خطوط
- **اسلامی فکر بیسویں صدی میں** از: مولانا محمد موسیٰ بھٹو [صفحات: ۲۸۴۔ قیمت: ۸۰]
  علامہ شبلی نعمانی، سید سلیمان ندوی، علامہ اقبال، ڈاکٹر رفیع الدین، خلیفہ عبدالحکیم، آئی آئی قاضی، مولانا مودودی، مولانا ابوالحسن علی ندوی، مولانا عبدالماجد دریابادی اور مولانا تھانوی کے افکار کا مطالعہ
- **اسلام، مسلمان اور تہذیب جدید: ایک مطالعہ، ایک جائزہ** از: مولانا عبدالماجد دریابادیؒ
  مرتب: مولانا محمد موسیٰ بھٹو [صفحات: ۳۹۲۔ قیمت: ۱۰۰]
- **ہمارے نفسی واجتماعی مسائل** (مولانا اشرف علی تھانوی کے خطبات وتصانیف سے منتخب افادات)
  مرتب: مولانا محمد موسیٰ بھٹو [صفحات: ۲۰۰۔ قیمت: ۷۵]
- **ملت اسلامیہ اور اس کی تعمیر کے صحیح خطوط** از: مولانا محمد موسیٰ بھٹو [صفحات: ۲۰۸۔ قیمت: ۷۵]

—— مکتبہ امام اہل سنت، گوجرانوالہ پر دستیاب ہیں ——